3 عمرانیات اور ہماری زندگی

SOCIOLOGY AND OUR LIFE

اس باب میں آپ جانیں گے:

- عمرانیات کے علم کی اہمیت و افادیت
- عمرانیات کا ہماری معاشرتی زندگی میں کردار
- عمرانیات کا معاشرتی مسائل کے حل میں کردار
- عمرانیات کا پاکستان کی ترقی میں کردار

عمرانیات کے دائرہ کار کا مطالعہ کرنے سے پتہ چلتا ہے کہ اس کا دائرہ کار بہت وسیع ہے بلکہ انسان کی پوری معاشرتی زندگی پر محیط ہے۔ عمرانیات کا علم محض کتابوں تک محدود نہیں رہا اس کا اطلاق معاشرتی مسائل کے حل میں عام ہونے لگا ہے۔ جس طرح انسانی جسم کو بیماریاں لگ جاتی ہیں اور ان کا علاج ماہر ڈاکٹر سے کرایا جاتا ہے اسی طرح معاشرہ ایک جسم کی مانند ہے اسے بھی بیماریاں لگ جاتی ہیں جنہیں ہم عمرانیات کی زبان میں معاشرتی مسائل کہتے ہیں۔ معاشرتی مسائل معاشرے کی بیماریاں ہیں جن کا علاج (حل) معاشرتی ترقی کے لئے ضروری ہے۔ معاشرے کی ان بیماریوں کا ڈاکٹر ماہر عمرانیات (Sociologist) کہلاتا ہے۔ ماہر عمرانیات اپنے علم اور خصوصی تربیت سے معاشرتی مسائل کا مطالعہ کرتا ہے۔ ان کی وجوہات معلوم کرکے ان کا حل تلاش کرتا ہے۔ جس طرح ڈاکٹر مرض کی تشخیص کے لئے لیبارٹری ٹیسٹ رپورٹوں پر اعتماد کرکے مریض کا علاج کرتا ہے اسی طرح ماہر عمرانیات بھی معاشرتی مسئلہ پر تحقیق (Research) کے نتائج کی روشنی میں اس مسئلہ کے حل کی تجویز پیش کرتا ہے جسے معاشرہ معاشرتی منصوبوں کے ذریعے عمل میں لاتا ہے۔

> **کیا آپ جانتے ہیں؟**
>
> معاشرتی مسائل یا معاشرہ کی بیماریاں جرائم، غربت، بے روزگاری، جہالت اور ناخواندگی وغیرہ ہیں

روزہ مرہ زندگی میں عمرانیات کا اطلاق / عمرانیات کی اہمیت

یا پاکستان / ملکی ترقی میں ماہرین عمرانیات۔ کا کردار

(Application or Importance of Sociology)

عمرانیات کا اطلاق اتنا وسیع ہو گیا ہے کہ ایسے تمام شعبوں کی گنتی مشکل ہے جہاں جہاں عمرانیات کا علم استعمال کیا جاتا ہے یا عمرانیات کے ماہرین اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں البتہ چند

www.downloadclassnotes.com

اہم ادارے انجمنیں وگروہ ذیل میں دیئے جاتے ہیں جن میں عمرانیات کا اطلاقی پہلو نمایاں طور پر پایا جاتا ہے۔ جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ عمرانیات ملک کی ترقی میں کتنا اہم کردار ادا کرتی ہے۔

ا۔ زراعت (Agriculture):

زراعت میں درج ذیل شعبوں میں ماہرین عمرانیات خدمات سرانجام دے رہے ہیں:

(i) فی ایکٹر پیداوار: زراعت ایک بہت بڑا معاشی ادارہ ہے جس کا مقصد زیادہ تر زرعی پیداوار حاصل کرنا ہے۔ زرعی پیداوار فی ایکڑ میں کمی ایک معاشرتی مسئلہ ہے۔ عمرانیات کے ماہر فی ایکڑ پیداوار میں اضافے کے لئے کام کرتے ہیں وہ لوگوں کو زیادہ پیداوار کے حصول کے لئے ابھارتے ہیں اور ان کی زرعی و تکنیکی معاونت کرتے ہیں۔

(ii) معاشرتی مسائل و توہمات کا حل: ہمارے کسان کو معاشرتی مسائل نے گھیرا ہوا ہے۔ ان مسائل میں ناخواندگی، قدامت پسندی، قدیم طرز کی کاشت، پرانے زرعی انداز، پرانے رسم ورواج جن میں فضول خرچی کی جاتی ہے اور کاشتکاروں کی کمزور معاشی حالت، مقدمہ بازی، دھڑا بندی وغیرہ شامل ہیں۔ اور عمرانیات کے ماہرین ان موضوعات پر تحقیق کے ذریعے ان کا حل تلاش کر کے بہترین خدمت انجام دے سکتے ہیں۔

(iii) کاشتکاری کے نئے طریقوں اور آلات کا استعمال: نئے آلات کشاورزی، عمدہ بیج، عمدہ کیمیائی کھاد، کیڑے مارے ادویات کا استعمال اور کاشت کے نئے طریقوں کو اپنانے میں کاشتکار طویل عرصہ لگا دیتے ہیں۔ ماہرین عمرانیات ان کو تبدیل کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں اور کسانوں میں نئے آلات' بیج اور نئے طریقہ کاشت کو رائج کرنے میں مدد کرتے ہیں۔

(iv) قدیم رسم ورواج کا خاتمہ: ہمارے کسان کے گرد قدیم رسم ورواج کا گھیرا ہے۔ جب تک یہ رسم رواج قائم ہیں یہ نظام بھی تبدیل نہیں ہو سکتا۔ ایسی حالت کو بدلنے کے لئے عمرانیات کے ماہرین خصوصی کردار ادا کرتے ہیں اور معاشرتی تغیر کے عوامل کے ذریعے رسم ورواج کی اس سخت اینٹ کو توڑتے ہیں۔ لوگ آہستہ آہستہ نئے انداز زراعت کو اپناتے ہیں اور پرانے نظام کی جگہ نیا نظام جگہ لے لیتا ہے۔

(v) کسان تنظیموں کا قیام: ماہرین عمرانیات مختلف سرکاری وغیر سرکاری اداروں کے ساتھ مل کر دیہات کی سطح پر کسانوں کی تنظیمیں تشکیل دیتے ہیں۔ ان تنظیموں کا کام نہری پانی کا بہتر استعمال اور پانی چوری کا خاتمہ ہے نیز یہ تنظیمیں زراعت کے لئے چھوٹے قرضے بھی حاصل کرتی ہیں۔

۲۔ صنعت (Industry):

صنعت میں ماہرین عمرانیات درج ذیل کام سرانجام دیتے ہیں:

(i) مزدور مالک کے تعلقات: جب کسی کارخانہ کے مزدور اپنی ملازمت کے تحفظ کے لئے، یا ملازمت کی بہتر شرائط یا کام کے اوقات میں کمی کے لئے یا بہتر سہولتوں کے لئے کام بند کر دیتے ہیں اور آپس میں تعاون کرکے جلوس و ہڑتال کا مظاہرہ کرتے ہیں تو کارخانہ کی پیداوار میں شدید کمی واقع ہوتی ہے۔ ایسی صورت میں عمرانیات کے ماہرین طرفین کے مابین پیدا ہونے والے معاشرتی مسائل کا حل تلاش کرتے ہیں۔ صنعتی عمرانیات کے ماہرین ان کے درمیان مصالحت کے ذریعے بہتر تعلقات قائم کرنے میں مفید کردار انجام دیتے ہیں۔

> **کیا آپ جانتے ہیں؟**
> مزدور اور مالک کے درمیان تعلقات عمرانیات میں اہم ہیں

(ii) فزیبلٹی رپورٹس: عمرانیات کے ماہرین کسی نوعیت کی صنعت کے کسی خاص مقام پر کامیاب ہونے یا ناکام ہونے کی پیشین گوئی کرتے ہیں اور اس کی فزیبلٹی رپورٹس تیار کرتے ہیں۔

(iii) صنعتی تحقیق: کس علاقے میں کون سی صنعت کامیاب ہوگی۔ اس سوال کا جواب عمرانیات کے طلبہ اس علاقے کے لوگوں میں ریسرچ کے ذریعے حاصل کرتے ہیں۔ ریسرچ یعنی تحقیق سے اصل حقائق معلوم ہو جاتے ہیں۔ خام مال و فنی و نیم فنی و غیر فنی کارکنوں کی دستیابی میں جتنی آسانی ہو گی اسی قدر یہ صنعت وہاں کامیاب ہوگی۔

(iv) سوشل سکیورٹی کا قیام: ماہرین عمرانیات فیکٹری کے مزدوروں اور ورکروں کے لئے سوشل سکیورٹی جیسی سکیموں کا اجراء کراتے ہیں۔ ان سکیموں میں مزدوروں، چھوٹے ورکروں اور ان کے بچوں کو صحت و تعلیم کی سہولتیں مفت میسر ہوتی ہیں۔

۳۔ تجارت و کاروبار (Trade & Business):

تجارت و کاروبار میں ماہرین عمرانیات کی خدمات کچھ اس طرح ہیں:

(i) مصنوعات کی تشہیر و پروپیگنڈہ: تجارت و کاروبار کو فروغ دینے کے لئے عمرانی علم کو بروئے کار لایا جانے لگا ہے۔ بڑی بڑی تجارتی کمپنیاں اور بڑے بڑے کارخانے اپنی مصنوعات کو فروغ دینے اور مال کی تیز نکاسی کے لئے عمرانیات کے ماہرین کی خدمت حاصل کرتی ہیں۔ ابلاغ (Media) کے ذرائع کو اختیار کرکے مصنوعات کی تشہیر کی جاتی ہے۔ عمرانیات کے ماہرین اس میں گراں قدر

www.downloadclassnotes.com

خدمات انجام دیتے ہیں۔

(ii) **تحقیق:** بعض اوقات صنعتی مال کی فروخت میں کمی آنے یا بند ہونے سے تاجر کو پریشانی و خسارہ ہو سکتا ہے نیز صنعتی پیداوار کم ہو جاتی ہے جس سے صنعتی تاجر ناکام ہو جاتا ہے۔ صنعتی کارکنوں کی نوکریاں ختم ہو جاتی ہیں۔ ملک معاشی بدحالی میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ غربت میں شدید اضافہ ہو جاتا ہے۔ بعض اوقات بے روزگار لوگ خودکشی کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ ان پست معاشی و معاشرتی حالات سے معاشرے کو نکالنے میں عمرانیات کے طلبہ معاشرتی تحقیق کرتے ہیں۔

۴۔ صحت (Health):

> **کیا آپ جانتے ہیں؟**
> منشیات کے استعمال کرنے والے افراد کی زندگی سدھارنے میں ماہرین عمرانیات اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

صحت کے شعبہ میں ماہرین عمرانیات کا کردار حسب ذیل ہے:

(i) **نادار مریضوں کی کونسلنگ اور امداد:** ہسپتالوں میں بہت سے مریض علاج کے باوجود صحت یاب نہیں ہوتے اور زندگی و موت کے درمیان لٹکے رہتے ہیں۔ ایسے مریضوں کے علاج کیلئے عمرانیات کے ماہرین ان کا نفسیاتی، معاشرتی علاج کرتے ہیں۔ اس کام کے لئے ماہر عمرانیات بطور میڈیکل سوشل آفیسر ہسپتالوں میں کام کر رہے ہیں۔ ہر نادار مریضوں کو مفت ادویات کی فراہمی کرتے ہیں جس کے لئے پاکستان زکوٰۃ اور بیت المال سے امداد کرتی ہے۔

(ii) **منشیات کا خاتمہ:** ہسپتالوں میں نشہ کے خاتمہ کے لئے اور نشہ کرنے والے افراد کے لئے علیحدہ سے ایک وارڈ قائم ہے جہاں ماہرین عمرانیات ان مریضوں کی کیس ہسٹری (Case History) لیتے ہیں اور ان کو صحت یاب ہونے میں معاونت کرتے ہیں۔

(iii) **شعورو آگہی:** مختلف بیماریوں سے بچاؤ و تدارک کے شعورو آگہی پروگرام میں تکنیکی معاونت کرتے ہیں۔ یہ پروگرام سرکاری و غیر سرکاری اداروں کے تعاون سے عملدرآمد ہوتے ہیں۔

۵۔ تعلیم و تحقیق (Education and Research):

(i) **تدریس:** تعلیم کے میدان میں عمرانیات کے ماہرین ہیں۔ بطور استاد کے کالجوں اور یونیورسٹیوں میں تدریسی فرائض انجام دے رہے ہیں۔ B.Sc. نرسنگ میں عمرانیات کی تعلیم دی جاتی ہے۔ نیز M.B.B.S. میں Sociology of Medicine کا کورس کمیونٹی میڈیسن میں پڑھایا جاتا ہے۔

(ii) معاشرتی مسائل کا حل: ماہرین عمرانیات اپنے علم کے اطلاقی پہلو سے بھی کام لے رہے ہیں۔ اور مختلف معاشرتی مسائل جیسے غربت' ناخواندگی' بے روزگاری اور دہشت گردی پر تحقیق کرتے ہیں اور ان کا حل پیش کرتے ہیں۔

(iii) معاشرتی منصوبہ بندی: ماہرین عمرانیات تحقیق کے ذریعے معاشرتی مسائل کا حل نکالتے ہیں اور ان کو عملی جامہ پہنانے کیلئے منصوبہ بندی کرتے ہیں۔ یہ منصوبہ بندی تحقیق سے حاصل شدہ نتائج کی بنیاد پر کی جاتی ہے جس کی کامیابی کے امکانات قوی ہوتے ہیں۔ جن میں تعلیم، صحت، غذا، آمدنی میں اضافہ، جرائم کا خاتمہ، غربت میں کمی، خواتین کی استعداد میں اضافہ جیسے منصوبے شامل ہیں۔

(iv) تحقیق: اس کے علاوہ تحقیق کے اداروں میں عمرانیات کے ماہرین مصروف عمل ہیں۔ یہ تحقیقات تعلیم، زراعت، آبادی کی منصوبہ بندی، شہر کی منصوبہ بندی، جرائم کی روک تھام، خاندانی مسائل، تپ دق وملیریا، حادثات وغیرہ پر کی جاتی ہے۔

۶۔ جرائم (Crimes):

جرائم کے شعبہ میں ماہرین عمرانیات کی گراں قدر خدمات اس طرح ہیں:

(i) پیرول: جرائم کی روک تھام کے لئے عمرانیات کے ماہرین گراں قدر خدمات انجام دے رہے ہیں۔ جرم معاشرے کا سنگین معاشرتی مسئلہ ہے۔ اصلاح اسیراں کے شعبے میں عمرانیات کے ماہرین ایسے مجرموں کی اصلاح کرتے ہیں جنہوں نے پہلی بار جرم کیا ہو۔ ایسے مجرم جو خاص دفعات یا خاص جرائم سے تعلق رکھتے ہوں ان کا جرم بھی سنگین نہ ہو اور اپنی سزا کا ایک تہائی حصہ جیل میں گزار چکے ہیں انہیں اچھے اخلاق والے قیدیوں کے ایکٹ کے تحت جیل سے نکال لیا جاتا ہے اور باقی دو تہائی سزا کے لئے جیل سے باہر ان کی دلچسپی کے کاموں میں ملازم کرا دیا جاتا ہے جو تنخواہ ملتی ہے وہ اسی قیدی کی ہوتی ہے۔ اسی طرح وہ معاشرے کی آزاد فضا میں باقی مدت سزا ایک عام آدمی کی طرح گزارتا ہے۔ عمرانیات کے ماہر اس سارے مرحلے کی نگرانی کرتے رہتے ہیں جنہیں پیرول آفیسر (Parole Officer) کہتے ہیں۔

(ii) پروبیشن: مجرموں کی اصلاح کا نیا نظام پروبیشن آفینڈرز آرڈیننس مجریہ (Probation Offenders Ordinance 1960) 1960 پاکستان میں جاری کیا گیا اب یہ ایکٹ بن چکا ہے جس کے تحت ایسے اتفاقی مجرموں کو جنہوں نے پہلی بار جرم کیا اور وہ بھی معمولی یا عام نوعیت کا ہو، جیل بھیجنے کی بجائے پروبیشن آفیسر (Probation Officer) کے سپرد کر دیا جاتا ہے۔ وہ اپنی نگرانی میں کچھ اصلاحی ہدایت دے کر اس مجرم کو اس کی جائے رہائش وارد گرد کے علاقے تک

محدود کر دیتا ہے اور اس کے کردار کی اس وقت تک نگرانی کرتا ہے جب تک سزا کی مدت باقی رہتی ہے۔ اس مجرم کو معاشرتی زندگی کی تمام سہولتیں اور آزادی حاصل ہوتی ہے لیکن کسی مجرمانہ حرکت کی اجازت نہیں ہوتی۔ اگر وہ کسی جرم کا ارتکاب کرتا پکڑا گیا تو پوری مدت سزا کے لئے جیل بھیج دیا جاتا ہے۔ اسی طرح جیل کی فضا سے وہ بچ جاتا ہے۔ جس سے اس میں شریف انسان کا حجاب قائم رہتا ہے۔ عمرانیات کے طلبہ یہ کام احسن طریقے سے انجام دے رہے ہیں۔

(iii) **تحقیق:** جرمیات یا جرم کی عمرانیات، عمرانیات کی ایک اہم برانچ ہے جس میں جرم و مجرم کے مختلف پہلوؤں پر تحقیق کی جاتی ہے۔ عمرانیات کے ماہرین جیلوں میں جا کر مجرموں پر تحقیق کرتے ہیں ان کے جرم کرنے کی معاشرتی و ثقافتی وجوہات کا پتہ لگاتے ہیں اور معاشرتی بدنظمی کی نشاندہی کرتے ہیں نیز جرم کے تدارک کی تدابیر بھی بتاتے ہیں۔

۷۔ بہبود آبادی پروگرام (Population Welfare Programme):

(i) **والدین کو شعور و آگہی:** بہبود آبادی پروگرام خاندان کی تربیت کا ایک پروگرام ہے۔ اس میں والدین کو یہ تربیت دی جاتی ہے کہ وہ اپنے بچوں کی پیدائش میں وقفہ رکھیں۔ اور ماں کی صحت کا خیال رکھیں اسی تربیت کا نام بہبود آبادی پروگرام ہے۔ عمرانیات کے ماہرین اس شعبے میں کثیر تعداد میں لگے ہوئے ہیں۔

> **کیا آپ جانتے ہیں؟**
> عمرانیات کا اطلاق بڑھتی ہوئی آبادی کو کنٹرول کرنے میں بھی ہوتا ہے۔

(ii) **تحقیق:** بہبود آبادی پروگرام میں خامیوں اور ناکامیوں کی نشاندھی کرتے ہیں نیز تحقیق سے ثابت کرتے ہیں کس طبقہ کے کتنے فیصد افراد اس پروگرام کے حق میں ہیں اور اسے اپناتے ہیں اور اس پروگرام کی مخالفت کی کیا وجوہات ہیں۔

۸۔ سماجی بہبود (Social Welfare):

سماجی بہبود کے بڑے بڑے اداروں میں عمرانیات کے بے شمار ماہرین بطور سوشل ویلفیئر آفیسر (Social Welfare Officers) کے کام کر رہے ہیں۔ جس میں تعلیم بالغاں، دار المطالعہ کا قیام، کھیلوں کے مقابلے، صنعتی ہوم (دستکاری سکول) برائے خواتین، زچہ بچہ مراکز کا قیام، چلڈرن ایسوسی ایشن، نوجوان میں یوتھ کلب کا قیام، یتیم خانوں کی دیکھ بھال، اربن کمیونٹی ڈویلپمنٹ پراجیکٹ، دیہی کمیونٹی ڈویلپمنٹ پراجیکٹ دیہی ترقیاتی منصوبے، خون کے عطیات، جنگ کے دنوں میں عوام کے عطیات جمع کر کے جنگی محاذ تک پہنچانا وغیرہ جیسے کام شامل ہیں۔

۹۔ڈینگی آگہی پروگرام(Dengue Awareness Program):

ڈینگی ایک جان لیوا مرض ہے جو کہ خاص قسم کے مچھر کے کاٹنے سے ہوتا ہے اس بیماری کا تدارک، اس سے بچاؤ احتیاطی تدابیر اپنانے میں ہے۔ ماہرین عمرانیات لوگوں میں اس مرض سے بچاؤ کی احتیاطی تدابیر اپنانے اور آگہی پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔
مندرجہ بالا نقاط سے ظاہر ہوتا ہے کہ عمرانیات کس قدر معاشرہ کی ترقی و خوشحالی کے لئے کارآمد ہے اور کتنی اہمیت کی حامل ہے۔ اور اس کا ملک کی ترقی میں کتنا اہم کردار ہے۔

کیا آپ جانتے ہیں؟
ماہرین عمرانیات ڈینگی سے بچاؤ اور آگہی مہم میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

ماہرین عمرانیات کے روزگار کے مواقع بمع عہدہ کا چارٹ

محکمہ	ملازمت کی قسم و گریڈ	عہدہ
تعلیم	گورنمنٹ BS-17, BS-18	لیکچرار کالج و یونیورسٹی، سبجیکٹ سپیشلسٹ، ہائیر سیکنڈری سکول
سوشل ویلفیئر و بیت المال	گورنمنٹ BS-17	سوشل ویلفیئر آفیسر / DDO، ریسرچ آفیسر
دومین ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ	گورنمنٹ BS-17	وومین ڈویلپمنٹ آفیسر، جینڈر مانیٹرنگ سپیشلسٹ
صحت	گورنمنٹ BS-17	ہیلتھ اینڈ نیوٹریشن سپروائزر
بہبودی آبادی	گورنمنٹ BS-17	تحصیل و ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر
جیل خانہ جات	گورنمنٹ BS-15, 16, 17	اسسٹنٹ / ڈپٹی / سپرنٹنڈنٹ جیل
محکمہ داخلہ	گورنمنٹ BS-16	پیرول آفیسر، پروبیشن آفیسر
پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ	گورنمنٹ BS-17	پلاننگ / ریسرچ آفیسر

www.downloadclassnotes.com

چائلڈ پروٹیکشن بیورو	گورنمنٹ BS-17	چائلڈ پروٹیکشن آفیسر
انہار	گورنمنٹ BS-17, 18	فیلڈ کوارڈینیٹر، ڈسٹرکٹ مینجر، سوشل موبلائیزر
نیسپاک و دیگر انجینئرنگ کنسلٹنٹس	سیمی گورنمنٹ	سوشیالوجسٹ
این جی اوز	نان گورنمنٹ	سوشل موبیلائزر، ریسرچ آفیسر، مانیٹرنگ آفیسر
مارکیٹنگ ریسرچ آرگنائزیشنز	پرائیویٹ	ریسرچ ایسوسی ایٹ، ریسرچ آفیسر

اہم سوالات

ا۔ عمرانیات ہماری روزہ مرہ زندگی میں کیا مدد دے سکتی ہے؟ کسی دو مثالوں کی وضاحت کیجئے۔

۲۔ ایک ماہر عمرانیات تجارت، زراعت، صحت و صنعت کے شعبوں میں کیا خدمات انجام دے سکتا ہے، واضح کیجئے؟

۳۔ عمرانیات کے ماہرین ملک کی تعمیر و ترقی میں کیا خدمت انجام دے سکتے ہیں؟

۴۔ پاکستان میں عمرانیات کے اطلاق پر پر مدلل بحث کیجئے؟

☆☆☆

مختصر سوالات وجوابات

☐ درج ذیل سوالات کے مختصر مگر جامع جواب دیں اور کوئی بھی جواب دو یا تین سطروں سے زیادہ نہ ہو۔

-1 زراعت کے شعبے میں ماہرین عمرانیات کا کردار یا اہمیت بیان کریں؟

جواب۔ (i) فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ۔
(ii) معاشرتی مسائل و توہمات کا خاتمہ۔

-2 صنعتی عمرانیات میں ماہرین عمرانیات کی اہمیت یا کردار بیان کریں؟

جواب۔ (i) مزدور اور مالک کے درمیان بہتر تعلقات کو فروغ۔
(ii) صنعتی تحقیق وفزیبلٹی رپورٹیں۔

-3 بہبود آبادی پروگرام میں ماہر عمرانیات کا کردار یا عمرانیات کا اطلاق بتائیں؟

جواب۔ (i) والدین کو شعور وآگہی دینا۔
(ii) آبادی پر تحقیق کرنا۔

-4 سماجی بہبود کے اداروں میں ماہر عمرانیات کے کردار کے حوالے سے روشنی ڈالیں؟

جواب۔ سماجی بہبود کے بڑے بڑے اداروں میں عمرانیات کے ماہرین بطور سوشل ویلفیئر آفیسر کام کر رہے ہیں جس میں تعلیم بالغاں، دارالمطالعہ کا قیام، کھیلوں کے مقابلے، یتیم خانوں کی دیکھ بھال، چلڈرن ایسوسی ایشن کا قیام وغیرہ شامل ہیں۔

-5 معاشرتی مسائل کے حل میں ماہر عمرانیات کا کردار بیان کریں؟

جواب۔ ☆ معاشرتی مسائل پر تحقیق کرنا
☆ تحقیق کی روشنی میں معاشرتی منصوبہ بندی

-6 تحقیق کے شعبے میں ماہر عمرانیات کا کردار بیان کریں؟

جواب۔ (i) معاشرتی مسائل پر تحقیق کرنا۔
(ii) معاشرتی مسائل کا حل پیش کرنا۔

-7 اجتماعی ترقی کے منصوبے میں ماہرین عمرانیات کا کردار یا عمرانیات کا اطلاق بیان کریں؟

جواب۔ (i) اجتماعی ترقی کے منصوبے بنانا۔
(ii) لوگوں کو تربیت دینا۔

-8 تجارت وکاروبار کے شعبہ میں ماہر عمرانیات کا کردار یا عمرانیات کا اطلاق بتائیں؟

جواب: (i) مال کی تشہیر کے لئے۔

www.downloadclassnotes.com

(ii) لوگوں کی پسند ناپسند کو جانچنے کے لئے تحقیق میں۔
(iii) صنعت کے منفی اثرات کے مطالعہ کے لئے۔

-9 صحت کے شعبہ میں ماہر عمرانیات کا کردار یا عمرانیات کا اطلاق تحریر کریں؟

جواب: (i) مریضوں کا نفسیاتی علاج و کونسلنگ۔
(ii) مریضوں کی معاشرتی و ثقافتی زندگی کا مطالعہ۔
(iii) بیماریوں کی معاشرتی وجوہات جاننا۔
(iv) ہسپتالوں میں مفت ادویات کی فراہمی بذریعہ میڈیکل سوشل آفیسر۔

-10 تعلیم کے شعبہ میں ماہر عمرانیات کی دو خدمات یا عمرانیات کا اطلاق بتائیں؟

جواب: (i) کالجوں و یونیورسٹیوں میں بطور لیکچرار کام کرنا۔
(ii) تعلیم کو درپیش مسائل پر تحقیقات کرنا۔

-11 جرائم کی روک تھام میں ماہرین عمرانیات کی دو خدمات یا عمرانیات کا اطلاق بتائیں۔

جواب: (i) قیدیوں کی اصلاح کرنا۔
(ii) جرائم پر تحقیقات کرنا۔

-12 سوشل سیکیورٹی کے شعبہ میں ماہرین عمرانیات کی دو خدمات یا عمرانیات کا اطلاق بتائیں۔

جواب: (i) کارخانوں کے مزدوروں کی بہتری کے لئے کام کرنا۔
(ii) مزدور اور مالک کے بہتر تعلقات بنانا۔

-13 ڈینگی بخار کے تدارک میں ماہرین عمرانیات کا کردار لکھیں۔

جواب: (i) ڈینگی سے بچاؤ کی احتیاطی تدابیر۔
(ii) ڈینگی آگہی پروگرام کا انعقاد۔

-14 پیرول آفیسر سے کیا مراد ہے/تعریف لکھیں۔

جواب: غیر سنگین نوعیت کے جرم کرنے والے افراد کی عارضی رہائی کی نگرانی کرنے والے ماہر عمرانیات کو پیرول آفیسر کہتے ہیں۔

-15 پروبیشن آفیسر سے کیا مراد ہے؟

جواب: ایسے اتفاقی مجرم جنہوں نے پہلی بار جرم کیا ہو اور وہ بھی معمولی نوعیت کا ہو، کو جیل بھیجنے کی بجائے ماہر عمرانیات کے حوالے کیا جاتا ہے وہ اس مجرم کی اصلاح کرتا ہے۔ اصلاح کرنے والے کو پروبیشن آفیسر کہتے ہیں۔

-16 پیرول آفیسر کا کیا کردار ہے؟

جواب: اصلاح اسیران جو سزا کا تیسرا حصہ کاٹ چکے ہوں

مجرموں کی کردار سازی

-17 **پروبیشن آفیسر کا کیا کردار ہے؟**

جواب: معمولی نوعیت کے مجرموں کی اصلاح اور معاشرہ میں ایڈجسٹمنٹ
مجرموں کی کردار سازی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQs)

☐ مندرجہ ذیل میں ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب پر ٹک (✓) کریں۔

-1 معاشرتی مسائل کے خاتمے کے لیے ضروری ہے؟
(a) عمرانیات (b) تاریخ (c) اردو (d) جرمیات

-2 ماہر عمرانیات کے کردار کو کس سے تشبیہہ دی جا سکتی ہے؟
(a) محقق (b) استاد (c) مصلح (d) مبلغ

-3 عمرانیات کا اطلاق نمایاں ہے؟
(a) معاشرتی مسائل (b) ارضیات میں (c) خلائی تحقیق میں (d) تعمیر / ریلوے

-4 عمرانیات کی اہمیت کا شعبہ؟
(a) معاشرتی مسائل (b) بینکاری (c) پل بنانا (d) سڑک بنانا

-5 عمرانیات کا اطلاق ہوتا ہے؟
(a) سیاحت (b) معاشرتی مسائل (c) فوج (d) تفریح

-6 ماہرین عمرانیات معاشرتی مسئلہ پر کرتے ہیں؟
(a) تحقیق (b) سوچ و بچار (c) بحث (d) قیاس آرائی

-7 صحت کے شعبہ میں ماہرین عمرانیات خدمات انجام دے رہے ہیں بطور؟
(a) میڈیکل آفیسر (b) سوشل میڈیکل آفیسر (c) ڈاکٹر (d) ترقیاتی آفیسر

-8 ماہرین عمرانیات بطور سوشل ویلفیئر آفیسر کام کر رہے ہیں؟
(a) محکمہ سماجی بہبود میں (b) محکمہ صحت میں
(c) تعلیم میں (d) زراعت میں

-9 تعلیم کے میدان میں ماہرین عمرانیات کام کر رہے ہیں؟
(a) مدرس کے (b) ڈاکٹر کے (c) کلرک کے (d) لائبریرین کے

-10 ماہرین عمرانیات بطور پیرول آفیسر کام کررہے ہیں۔
(a) جیلوں میں (b) تھانوں میں (c) کچہریوں میں (d) سپریم کورٹ میں

-11 بہبود آبادی پروگرام ہے؟
(a) خاندان کی تربیت کا (b) بچے بڑھانے کا (c) مذہبی تعلیم کا (d) سیاسی تعلیم کا

-12 ماہر عمرانیات بطور پاپولیشن ویلفیئر آفیسر کام کررہے ہیں؟
(a) بہبود آبادی پروگرام میں (b) سماجی بہبود میں (c) جیلوں میں (d) دیہاتوں میں

-13 ناخواندگی، غربت، جرائم اور مہنگائی ہیں؟
(a) معاشرتی مسائل (b) معاشرتی تغیر (c) معاشرتی ترقی (d) معاشرتی تصادم

-14 ناپسندیدہ صورتحال کہلاتی ہے؟
(a) معاشرتی مسئلہ (b) جرم (c) بے چینی (d) ترقی

-15 رسم و رواج کی تبدیلی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں؟
(a) تاریخ دان (b) ادب کے ماہر (c) ماہرین عمرانیات (d) انجینئرز

-16 پاکستان کی ترقی میں رکاوٹ کی بڑی وجہ؟
(a) کچی سڑکیں (b) لوڈشیڈنگ (c) معاشرتی مسائل (d) ماحولیاتی آلودگی

-17 زراعت کے شعبہ میں ماہرین عمرانیات کام کر رہے ہیں بطور؟
(a) سوشل ویلفیئر آفیسر (b) فیلڈ آفیسر
(c) سوشل ایگریکلچر آفیسر (d) پاپولیشن ویلفیئر آفیسر

-18 ماہرین عمرانیات مزدوروں کی فلاح و بہبود کے لئے کس محکمہ میں کام کرتے ہیں؟
(a) سوشل سیکیورٹی (b) سوشل ویلفیئر (c) تعلیم (d) صحت

-19 معاشرہ کا ڈاکٹر کون ہے؟
(a) ماہر عمرانیات (b) ماہر نفسیات (c) مورخ (d) شاعر

-20 ناپسندیدہ صورتحال کہلاتی ہے۔
(a) معاشرتی مسئلہ (b) بے چینی (c) عمل (d) عصبیت

-21 مزدور اور مالکان میں تصادم کا مطالعہ ۔۔۔۔۔ عمرانیات کرتی ہے۔
(a) صنعتی (b) دیہی (c) بلدیاتی (d) معاشرتی

-22 سوشل میڈیکل افسر ۔۔۔۔ میں کام کرتا ہے۔
(a) جیل (b) کالج (c) ہسپتال (d) یہ تمام

www.downloadclassnotes.com

-23 پروبیشن آفیسر کہاں کام کرتا ہے:
(a) جیل (b) عدالت (c) بازار (d) پولیس

-24 پروبیشن آفیسر کہاں کام کرتا ہے:
(a) جیل (b) عدالت (c) بازار (d) پولیس

-25 ماہر عمرانیات کا زراعت کے شعبہ میں اہم کردار؟
(a) قدیم رسم و رواج کا خاتمہ (b) کاشتکاری (c) ٹریکٹر مرمت (d) کوئی نہیں

-26 صنعت کے شعبہ میں ماہر عمرانیات کا اہم کردار؟
(a) مزدور اور مالک کے تعلقات (b) صنعت لگانا (c) آلودگی (d) کوئی نہیں

-27 جرائم کے شعبہ میں اہم کردار؟
(a) پیرول اور پروبیشن (b) مقدمہ لڑنا (c) سزا دینا (d) کوئی نہیں

جوابات

(a) -6	(b) -5	(a) -4	(a) -3	(a) -2	(a) -1
(a) -12	(a) -11	(a) -10	(a) -9	(a) -8	(b) -7
(a) -18	(c) -17	(c) -16	(c) -15	(a) -14	(a) -13
(a) -24	(b) -23	(c) -22	(a) -21	(a) -20	(a) -19
			(a) -27	(b) -26	(a) -25

نوٹ: امتحانی نقطہ نگاہ سے اہم سوالات کے سامنے یہ نشان (٭) دیا گیا ہے۔

☆☆☆